ٹولی — "واں بیٹھے ہے جس جا کہ زنانوں کی ہو ٹولی" ۲۹۳

بجرا — "کچھ شادی جو گھر میں ہو تو بھیجے اسے بجرا"

نعل بسکون ع — "اک نعل لگا دیجئے جو اسپ عراقی" ۲۹۴

اڑیل بکری شبکور — "اڑیل بکی ہے اور بکری تی اور تسبیح پہ ہے شبکور"

مخمور — "موزے کو پکڑ لیوے ہے جھپٹ اور ہے مخمور" غا زور ۲۹۴

کسی کی تسبیح جپنا — "احمق ہیں جنہیں مرد کی تسبیح ہے جپنی" ۲۹۶

جپنی — "یاں شوق سے بس بھر گئی جب جپنی سے جپنی" ۲۹۷

کشت کار کرنا — "اگر کچھ کشت کار اب تو کرے گا" ۳۲۴

خوزریدن — "قابل خست رہین اک طرفہ ہے نقل" ۳۲۷

اندھیاری — "یا کہ ساون کی رات اندھیاری" ۳۲۸

بڑھیل — "مانگیں ہیں اس بڑھیل کی جو اٹھا"

ٹنڈ ٹنڈرا — "ایک ٹنڈے سے جو لگی ملنے
ڈال کر ٹنڈ [illegible] لگا سب ملنے"

کسی کی دہائی پھرنا — "شہر دو جہاں میں جس کی پھرتی ہے دہائی" ۳۳۷

من بعد — "من بعد شہادت تھا ادھر دو ہی حسین" ۳۴۱

نچھاور — "روح نوشہ کے سوا تھی نہ نچھاور کے لئے" ۳۴۴

من وعن بدون کشیدہ نون اول — "من وعن تو یہی یقین ہے کہ کہا جائے کہاں" ۳۴۵

دغائی — "تو غضب دیکھو کہ وہ قوم دغائی حیلہ ساز" ۳۵۲

تیرِ قِ اکبر "سلامی جس کے مہر بمہ ہیں اس تیر کا تیجا ہے" ۳۵۴

کھاٹ کھٹولا "لاتے ہیں کھاٹ کھٹولوں پہ جو لاشوں کو دھرے" ۳۵۶

گھٹنیوں چلنا "اصغر جو چل کے گھٹنیوں آجاتا تھا ذرا" ۳۶۵

بخت بطور جمع، کوکھ جلی "ہاں سوختت بیہ تجھ کو کہ جلی کے بخت" ۳۷۵

تمانی "وہ جو ننھی سی اک تبر تمانی ہے" ۳۷۸

بھیا جان "دکھنی یوں زینب دکلثوم تھیں اے بھیا جان" ۳۷۸

بھیا اصغر کو یہ جو کاتی تھی میں دیکھا ۳۸۴، دکھیاری ۳۸۴، جھولے میں تھپ لانا ۳۸۸، جیسی جو سنا ۳۸۸، گھٹنوں تلے کھاتا ہے ۳۹۱، گھر کو یوں دیکھے تھے جیسے ہو کوئی جانور اسا ۳۹۱، پھڑک جانا ۳۹۲، گھٹنیوں چلنا ۳۹۲، اودھر اگھر ۳۹۲، دل میں حسرت رہے ملنے کی جو دم جا دے چوک ۳۹۴، کنٹانا ۳۹۴، دکنانا ۳۹۴، بدحال ۳۹۵، جبل پر نزاع آیا ۴۰۱، چپکے سے میں سرکا ۴۰۱، تھا نقحل میں لباط میں سر غالیچے لٹا ۴۰۱، نسیم کا جھونکا فی روکا ۴۰۲

ستونہ "یا مرے کبر میں تھا یا دم میں اٹک کے گھر گیا
یہ دل بیتاب کبھی اچھا ستونہ بھر گیا" ۴۰۲

سودا دست بدست بکا ۴۰۲، کلنک کا ٹیکا ۴۰۴، دل سوخت کو مرت سے پڑا آہ کے باعث ۴۰۶، ایذا دہند ۴۰۶، احوال قلم بند کرنا ۴۰۷

وار وار ہونا کسی کے "کیوں نہ ہو جاؤں میں اس صورت کے جانی وار وار" ۴۰۸

بلنے وار دار کر دینا ۴۰۸، "کانٹے کا جھاڑ" ۴۰۸، سیج بدلنا ۴۰۹، کھل کھیلنا ۴۱۰، البیلا ۴۱۰، خیال باندھنا ۴۱۱، مردم آبی ۴۱۳، کسی بات کی دھن باندھنا ۴۱۳، کس کے جانے کی ستی آہ کہ سن بیٹھے ہیں ۴۱۳

سانگ، سجنی بجا انگ غور کر اس کو تو ہی دلا بھر کیا یہ گریہ ملکا ہیں

کر کی سبزہ رنگوں سے اور گھر میں بھونی بھانگ نہیں" ۴۱۳

دوسرا پھیرا ۴۱۴، لیٹر ۴۱۴، گلشن میں خزاں سے بھی ڈیڑھ نوبت لگی ہو ۴۱۹

گورے چٹے منہ، پٹے منہ " وہ شوخ سج کے ہیں اے ماہ گوٹے چٹے منہ

یہ جھائیاں تو دکھاتا ہے ان کو پٹے منہ" ۴۲۱

لونہ وارے سے ملے گی دستگرداں چیز ہے ۴۲۱، جی جلانا تو دیکھو بال رہے جی ۴۲۲
کیسے لسنبتہ مکا شہر نہیں ۴۲۳، جنگلے پڑے کا سودا ۴۲۴، لگا لگانا ۴۲۵، تانا بانا لگانا
۴۲۶، ناحق جھوٹ بجلا کر کھائے (مثل) ۴۲۶، زرا تو اے اینڈ سے چونک تو کس نیند
سوتا ہے ۴۲۶

سالن مذکر بشرہ صحت تن " دل ہے پریں مضطرب اور سانس اکھڑا جاتا ہے ۴۲۶
آواز بدلنا ۴۲۶، آنڈو ۴۲۶، کاغذ کی بتیاں ۴۲۷، اپنے اور اس کے لئے حاکم کے
ہرکارے چھٹے ۴۲۸، چیچک مونث ۴۲۸، خانۂ دل میں لگانے لگا وکاما کوئی ۴۲۸
کلیجا پکا دینا ۴۲۸، چل چھوٹے ۴۲۹، ڈر کے پڑنا ۴۲۹، سادی وضع ۴۲۹، بھار
پڑتی ہے ۴۳۲، خطرات ۴۳۹، ارے ظالم مجھے تجھ پر قیامت پیار آتا ہے ۴۳۹
لاچار ۴۴۰، وہ دل کو بحر آتش میں سمندر وار لے ڈوبی ۴۴۰، انجن کلا مونث ۴۴۱
اس پینٹھ میں کس شخص کی بہبودی ہے ۴۴۱، غم آلود ۴۴۱، شب وتن اسد کے اور
روز جدائی (رق) یاد آگئے ہے ۴۴۲

(معاصر: ح ۳۶)

لسانیات

(۱) ارگجہ یا ارگجا : کتب[1] فارسی "ارگجہ بفتح ہمزہ و سکون را و فتح کاف فارسی و جیم و ہای مکتوب - یک سیر و ربع کم صندل و دو تولچہ اگر و میدہ و سہ تولچہ چوب و دیبا یک تولچہ ربع بنفشہ و گیلہ.. و نیم ماشہ کافور و یازدہ شیشہ گلاب یکجا و در دو در تابستان بر بدن مالند و اتد ایند"-- (آئین اکبری جلد آئین خوشبو خانہ صفحہ ۱) "ز چوب و در دوش پدیدار ای چو سینہ را زار گجہ تر و دان لباس شیرازی یافت" دیوان کلیم مشرقیہ[2] ۳۱۴ ورق ۱۰ "نخود تا تنگ در آغوش کشیدہ است مرا آن قبا تا بردوش ارگجہ پوش آمدہ است" دیوان عالی مشرقیہ ۳۷۰ ورق $\frac{۱۳۵}{۲}$ "مرد شاہد باز را باید کہ پس بصفا و لطافت و لباس و جز ہ باشد عنبر و ارگجہ و بو مالیدہ.." تحفۃ الہند جلد ۲ مشرقیہ ورق ۸ (عبدالواسع (عبدالرزاق گلسانی ب) فی غرائب اللغات مشرقیہ ۲۳۷ ورق ۸) میں ارگجہ کی فارسی پرگنہ تبانی ہے "آمدہ در عہد محمود شاہی) تو فوائد الالفاظ (نسخہ راقم) میں اسکی تردید کی ہے "پرگنہ ماخوذ است از پراگندن در یں صورت باید کہ آں چیز خوشبو خشک باشد و اہل عالم عبیر پس عیر ارگجہ باشد زیرا چہ ارگجہ را با آب حل کردہ بر بدن و جامہ مالند چنانکہ مرسوم است و بعضی گویند تتاری دیدہ" مخلص کی مراۃ (مشرقیہ ۱۰۸ ورق ۲۷) میں ہے "نسخہ ارگجہ کہ از بیاض مرزا حسن صاحب نوشتہ شد چوب بیا جادتری الاپچی خورد سنبل الطیب.. صندل ملاگیری یک دو ماشہ سعدکوفی بیخ بنفشہ اظفار الطیب یعنی نکھ لکس بریاں کردہ باشند عطر گلاب ہر یک نیم ماشہ کھوند زعفران قرنفل ہر یک یک ماشہ کافور یک سرخ عود غرقی چہار ماشہ مشک خالص سہ سرخ موم سفید کافوری چہار ماشہ سلارس بقدر برداشت داغ این ہمگی اجزا۔ سوای عطر گلاب نیم کوفتہ ساختہ در گلاب کہرل نمایند بمرتبہ کہ سرمہ سا شود و بعدہ سایہ نیکان محفوظ خشک نمودہ نگاہ دارند و ہرگاہ بخواہند در گلاب حل نمودہ و نیم ماشہ عطر گلاب را اضافہ نمودہ در پیالہ

---

1. کتب فارسی یا کتب انگریزی سے وہ کتابیں مراد ہیں جو ان زبانوں میں ہیں اس سے قطع نظر کہ ان میں اگر الفاظ کے معانی وغیرہ بیان کیے گیے ہیں تو وہ کس زبان کے ہیں 2. مشرقیہ = کتب خانہ مشرقیہ پٹنہ۔

چلیپی ریزند وبطور ارگجہ بر سینہ مالند ای جوان رعنا ہر گاہ این تیمہ ارگجہ بالیدہ و پوشش زیر گردد بسیت
معطر گردد کہ بوی گل بنیا باز از جیب می آید و گرد سر می گردد" (کذا)۔ مراۃ درش۔ ۵ سے معلوم ہوتا ہے
کہ شبینہ کے موقع پر بادشاہ کی طرف سے امرا کو پان کے ساتھ ارگجا بھی پیش ہوتا تھا۔ صاحب بہار عجم
(جلد ا ص ۳۳) نے وضاحت لکھا ہے کہ یہ ہندی لفظ ہے۔ غیاث اللغات میں ہے کہ "خوشبوئیست
مرکب از صندل و گلاب و کافور و مشک و عنبر و روغن سحق، سازند" ص ۳۰ فرہنگ آنند راج میں
بھی یہی ہے۔ رشک نے نفیس اللغۃ میں لکھا ہے "ارگجا بروزن حیا عطر مصالح باشد کہ بدل و خوشبوئیہا
در دیگ انداختہ عطر کشند" ص ۱۳۔ کتب انگریزی: شکسپیر نے ارگجا کو زردی مائل خوشبو لکھا ہے
اور ارگجی (سیاہی معروف) ارگجے میں رنگی ہوئی چیز۔ فیلن نے اس کا اعادہ کیا ہے۔ فیلن نے زائد بات جو
لکھی ہے یہ ہے کہ ارگجا مارواڑی میں ارگجو اور سہارن پوری بولی میں ارگجا ہے۔ اس کی کتاب میں یہ سوال
وجواب بھی ہے: "آدھوا اور اساراہا تھی جن نے پایا لایا (کذا) چھپاتی جواب ارگجا"۔ پلیٹس نے ارگجا
ہندی اور ارگجہ فارسی لکھنے کے بعد یہ بتایا ہے کہ ایک نسخے کے مطابق اس کے اجزا صندل، عرق گلاب،
کافور، مشک، عنبر اور کیسر ہیں۔ یہ بہار کے ماتحت میں اے ارجی (کذا)؛ عبیر کے جو یا موئے آنال (کلیات
ولی اشاعت ثانی انجمن ترقی اردو، ضمیمہ جس میں وہ اشعار ہیں جو کلیات کے کسی ایک نسخے میں ہیں ص ۹۵)
عنبر اور ارگجا کچہ (کذا) رومال" دیوان فائز متوفی ۱۱۵۱ھ ص ۳۰۔ لفظ تاجی میں ارگجا ہے
مگر دیوان میں کاتب نے 'ارگجا' کی جگہ 'کجا' لکھا ہے کسی دوسری جگہ ارگجا نہیں)۔ "دھوم آونی کی
کس کی گاتش میں پڑی ہے اتھ ارگجے کا پیالہ نرگس لیے کھڑی ہے" انتخاب دیوان آنند رام مخلص۔
"اور اس پر ارگجے کا عطر مل تسلیقی سے لگا کتی پہ صندل" مثنوی گلزار ارم از میر حسن
ص ۱۶۱ (یہ سحر البیان کے ساتھ چھپی ہے اور کلیات مخطوط میں بھی ہے)۔ "کیا مجموعۂ خوبی انھوں کو سب
کے مجلس میں وہ آ بیٹھی تھی شب جوتی میں تھوڑا ارگجی لے کر" دیوان مصحفی (حصہ ششم قلمیہ) "کنٹھوں
میں عطر سہاگ مہک رہی ایجا" (نصیر الدین حیدری) ارگجہ محمد شاہی (فسانۂ عجائب الہ آباد
ص ۱۲۷)۔ "ہتابی" نے لکھا ہے ایک مرکب عطر کا نام "سودا نے تنگ باز کی ہجو میں مونڈھوں پہ ارگجا ملی
ہے جب زرد اس کو وہ باز کہتی ہیں سب" (امیر اللغات جلد ۲) لیکن اس وقت یہ پیش
نظر نہیں، عبارت آصف اللغات جلد ۴ سے منقول جس کا شعر بھی دیا ہے)۔ سودا کا یہ شعر
کلیات مطبوعہ اور کلیات کے ان قلمی نسخوں میں نہیں جن کی طرف اس وقت رجوع ممکن ہے۔
"مستعمل ... ذکر خوشبو، ایک قسم کا مرکب عطر غالیہ۔ اس خوشبو کا نام کبھی ارگجا ہے جو فاتحہ سوم کو ...

ایک پیالی میں گلاب، برادۂ صندل، مشک، کافور، عنبر وغیرہ سے بناکر ہر ایک فاتحہ خوانی کے سامنے
پھول ڈلوانے کو دیا جاتا ہے"۔ فرہنگ آصفیہ جلد ۱۔ آصف اللغات جلد ۴ میں ارگجہ پوش
(جیم فارسی سے) بھی دیا ہے۔ عالی کے شعر کی بنا پر ہے اور ج کو فارسی شاید کاتب نے بنا دیا ہے۔
نئی بات اس کتاب میں صرف یہ ہے "دکن میں ارگجا ایک خاص قسم کی منجمد خوشبودار زرد رنگ
مرکب کا نام ہے جس کو مثل عطر کے جسم میں ملتے ہیں، خصوصاً سردی میں ہاتھوں پر بعد غذا اور تیز
چیزیں پکانے۔ جلد تر کٹنے نہ پائے۔ دلھنوں کے لیے بلالحاظ موسم اور تقاریب تعزیت میں ارگجا کی
ایک خاص قسم مستعمل ہے۔" ارگجے کے بارے میں کچھ اور بھی معلوم ہوا ہے، یہ حصہ ۴ میں پیش ہوگا

(۲) خبر خضری یا خضری خبر: "کیا اس گل نے خط سے پشت لب سبز چمن میں آج
یوں خضری خبر ہے" انتخاب دیوان آنند رام مخلص (متوفی ۱۱۶۴ھ) "سبزے نے تیرے خط کے آنے
کی دھوم ڈالی خضری خبر اڑی ہے تحقیق ہو کے آخر" کلیات میر حسن، مثنوی ۳ ورق ۱۳۳/۲۰
و تذکرۂ میر حسن۔ "عرائض بیگمات۔۔ آمد مندلیح بود کہ خبر تہنیت۔۔ بگوش رسیدہ، چشم
براست۔ برزبان۔۔ گذشت خبر خضری رسیدہ باشد، ارقام نمودیم۔۔ بر عرائض دستخط شد کہ
انشاء اللہ زود می آئیم" واقعات عالم شاہی مصنفہ پریم کشور فراقی دہلوی واقعہ ۱۲۱۱
ھ۔ شکسپیر اپنی لغت (۱۸۳۴ء) میں لکھتا ہے: "report, sudden
news; guissing what is to happen; خضر was..
skilled in divination; and hence, when from
certain symptoms, the public guess at the
intentions of government & co, intelligence
of such intentions is called "خبر خضری"۔ فوربس (۱۸۶۶ء) اور پلیٹس (۱۸۸۴ء)
نے بھی یہی لکھا ہے، لیکن اسٹائن گاس نے ٹو پیپین "شکسپیر وغیرہ کے قول کا اعادہ کر کے تحریر کیا ہے:
as prompted or set afloat by.. خضر, a skilful [illegible]
اسند، ام مخلص کی مرآۃ شمس البیان، طیش، مخزن الفوائد، انگہت، فیلن کا لغت، فرہنگ آصفیہ
= اور نور اللغات اس سے خالی ہیں۔

(۳) "خضری قبر سچ ہوتی ہے" خزینۃ الامثال مؤلفہ حقیقت (۱۲۱۵ھ) اور فیلن پردرس

ایک (طبع سنہ ۱۸۲۳ء) اور امثال ہندی حصہ ۲ مؤلفہ کالی چرن (طبع سنہ ۱۸۶۰ء) میں موجود ہے
لیکن "مر"، فرہنگ اردو وغیرہ میں نہیں۔

تنقید: تنقید، لیکن جیسا کہ عام طور پر معلوم ہے یہ جعلی مصدر ہے جس سے عرب واقف نہیں۔

اس کے استعمال کی قدیم ترین مثال جو میرے علم میں ہے ضیا برنی معاصر خسرو کی تاریخ فیروز شاہی میں ملتی
ہے "در تنقید روایت و تعریف رواۃ" ص ۱۰۔ شیرانی مرحوم نے ضمیمہ تنقید شعر العجم میں (ص ۵۵۲) عبد اللہ
خان اوزبک کے ایک درباری پاینده محمد قنقانی تخلص کی ایک کتاب کا ذکر کیا ہے جس کا تاریخی نام
تنقیح الدرر ہے (سنہ ۹۹۹ھ) فہرست کتب خانہ محزونہ بمبئی (عدد ۵۷۹) میں ایک کتاب تنقید الکلام
المنسوب الی حوت الانام ہے۔ اس کے مصنف کا نام حافظ ابو الاحیا محمد نعیم ہے۔ اور مطبع نول کشور
میں سنہ ۱۲۸۳ھ میں طبع ہوئی تھی۔ ان مثالوں سے یہ ثابت ہو گیا کہ بعض اصحاب کا یہ خیال کہ شبلی اس لفظ
کے موجد ہیں، صحیح نہیں۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ اس لفظ کو انھوں نے زندہ کیا ہے؛ اردو میں عام
استعمال ان کی بدولت ہوا ہو تو عجب نہیں۔ زمانہ حال کے ایرانی مصنفین (مثلاً آقای پور داؤد)

(معاصر: ح ۱)

فرہنگ آصفیہ پر تبصرہ

فرہنگ آصفیہ (= آصفیہ) جلد ۳ کے آغاز میں ترقی اردو بورڈ کی طرف سے اطلاع دی گئی ہے کہ "آصفیہ کی کمیابی، افادیت اور اہمیت" کے پیش نظر فیصلہ ہوا کہ اسے فوراً "آفسیٹ کے ذریعے" شائع کیا جائے۔ غلط نامہ جو ہر جلد کے آخر میں ہے، حذف ہو، اور اس کے مطابق متن درست کیا جائے۔ بورڈ نے جن ۴ جلدوں کا عکس شائع کیا ہے، ان کے بارے میں یہ بتایا گیا ہے:

"جلد سوم ۱۸۹۸ء میں، جلد چہارم ۱۹۰۱ء میں اور جلد دوم ۱۹۰۸ء میں صرف ایک ایک بار چھپی، جلد اوّل ۱۹۱۸ء میں کچھ اضافوں کے ساتھ دوبارہ بھی چھپی تھی۔"

اس سے یہ نہیں معلوم ہوتا کہ جلد ۱ پہلی بار کب چھپی تھی۔ جلد ۱: دیباچہ اور رموز ۱۷ صفحات (= ص)، لغات الف تا ت ص۲ تا ص۶۵۶ (ص = صفحہ)۔ جلد ۲: لغات ٹ تا ژ ۲۲۴ ص، جلد ۳: لغات س تا ک ۴۶۶ ص۔ جلد ۴: لغات گ تا ی ۹۳۷ ص، خاتمہ وغیرہ ۴۳ ص۔

مؤلف آصفیہ سید احمد دہلوی ۱۲۶۲ھ میں پیدا ہوئے۔ (دیباچہ ص۱۵)۔ انھیں بقول خود "لڑکپن ہی سے علم زبان اور تدوین لغات کا "عشق" تھا۔ "لڑکپن کا کھیل کود" اور "ارمان بھری جوانی کا لطف" اگر تھا، تو یہ کام "کمانے دھانے کا فرضی دربار" وہ اس کو سمجھے۔ لوگوں نے از راہ خود نمائی اعتراض کیے۔ مسافرت[1] کے ہاتھوں مار (کذا) باپ نے بچھڑنا، اولاد نے دنیا سے گزرنا شروع کیا" (دیباچہ ص۳۶ ص۳۷) ایک "دوست نما دشمن" نے ۳½ ہزار روپے غصب کر لیے (ص۱)۔ بڑھاپا آیا، توانائی نے جواب دیا، بینائی رخصت ہوئی[2] "جمع پونجی" ختم ہوئی" قرض خواہوں

۱۔ بقول خود فیلن کے "اسسٹنٹ ڈکشنری" (کذا) رہے (دیباچہ ص۳۷)، مگر مؤلف نے یہ نہیں بتایا کہ یہ تعلق منقطع کس طرح ہوا۔ آصفیہ میں فیلن کی لغت پر اعتراضات ہیں، مگر ان کی وجہ فیلن کی تنقیص نہیں۔ ان لوگوں کے لیے جنھوں نے مؤلف کی جگہ لی تھی، توہین آمیز الفاظ استعمال کیے ہیں۔ ایک جگہ انھیں "کمسن بچونگڑوں" کہا ہے۔ ۳ ص۱۳۲۔

۲۔ مؤلف نے تو آنکھیں گنوائی ہوں گی، مگر یہ لغت اردو والوں کے لیے جو اس سے وابستہ تھے، بڑا منحوس ثابت ہوا۔ کئی جن میں سے ایک ان کا چھوٹا بھائی بھی تھا، کام کرتے کرتے مر گئے۔

نے حساب لیا" یاروں نے خود غرضانہ مالشیں کیں" انھوں نے جس طرح ہو سکا، قرض ادا کیا۔ یہ سب کچھ ہوا، مگر ان کا عشق اپنی جگہ پر رہا۔ پہلے انھوں نے مجموعۂ "مصطلحات اُردو" تیار کیا۔ مگر اس کے چھپنے کا انتظام نہ ہو سکا۔ یہ تو کچھ ایسی بڑی بات نہ تھی، ان کے عشق نے ان سے وہ کام لیا جس کا جواب دنیا میں شاید ہی ملے۔ یہ ارمغان دہلی کی تالیف ہے۔ "ایک بہت بڑی بسیط لغات مع محاورات و اصطلاحات" تھی، جس میں "ایک ایک لفظ کی وجہ تسمیہ، زمانۂ تکوین، اور اس کے مادّوں پر بقدر معلومات و حسب سامان خداداد قلم فرسائی کی تھی"۔ ایک کتاب لغات النسا بھی ان کے قلم سے نکلی۔ مجموعۂ مذکور کے انطباع کا انتظام نہ ہو سکا تھا، تو ارمغان دہلی کے چھپوانے کے لیے روپے کہاں سے آتے: ناچار مولف نے اس کا خلاصہ تیار کیا اور کئی برس تک ہندوستانی لغات کے نام سے رسالے نکالتے رہے ("ص ۳۶") اس کا پہلا حصہ" اپریل ۱۸۸۷ء میں طبع ہوا ("ص ۱) عشق نہ تھا، تو رقیب بھی پیدا ہو گئے، ان سے مولف کو "بہت سا نقصان بھی پہنچا، دیباچہ ص ۳۶ میں انھیں "تصنیف کے اچکے" کہا ہے، اور ص ۱ میں ان کے متعلق یہ لکھا ہے:

"تصنیف کے ڈاکوؤں نے ۔۔ دن دہاڑے ڈاکہ (کذا) ڈالا، لیکن اس خدا کی خدائی کے قربان جائیے، جس نے ان نامرادوں کی مرادوں کو انجام پر نہ پہنچنے دیا۔"

'نامرادوں' جمع ہے۔ مگر اس جگہ مراد صرف امیر مینائی سے ہے، جو امیر اللغات کی دو جلدیں شائع کرنے کے بعد نظام سے مدد حاصل کرنے کے لیے حیدر آباد گئے تھے اور وہیں مر گئے تھے۔ ناظرین اس پر تعجب نہ کریں، یہ معاملہ عشق کا ہے اور مشہور مصرع ہے۔ "عشق از این بسیار کردست و کند"۔ یہ بھی پیش نظر رکھیں کہ غلط یا صحیح امیر کی کتاب کے بارے میں ان کی کیا رائے تھی: جلد ا میں لفظ "امیر" کے تحت مرقوم ہے:

"برس (دیباچہ ص ۱ میں ڈیڑھ برس) روز بک الکمل الاخبار نے اس کی خاک اڑائی، اور ثابت کیا کہ فن لغت اور ہے اور فن عروض اور۔"

۱۔ مولف نے صراحتہً کہیں نہیں لکھا کہ ارمغان دہلی کا کیا حشر ہوا۔ مگر دیباچے (ص ۳ تا ص ۶) میں اپنے یہاں آتش زدگی اور اس کی وجہ سے اپنی تصانیف مطبوعہ و غیر مطبوعہ کے ضائع ہو جانے کا ذکر کیا ہے، ظاہراً ارمغان دہلی بھی نذر آتش ہوئی۔ مگر بڑی حیرت کی بات ہے کہ اس موقع پر ایسی کتاب کا جو دنیا میں اپنا نظیر نہیں رکھتی تھی، نام نہ لیا۔ اس کے ضائع ہونے کا تو ماتم کرنا تھا، بلکہ ایک روز اس کے لیے مقرر کرنا تھا کہ ہر سال لوگ اُردو کے اس المیے پر رویا کرتے۔

مولف کو کس طرح گوارا ہو سکتا تھا کہ ایک عروض داں ان کے "معشوق لغت کو مسخ کرے" امیر پر سرقے کا جو الزام لگایا ہے اس کے ثبوت میں وہ یہ کہتے ہیں کہ امیر نے "آنکھ اور اس کے مشتقات، اور ان کے معانی جو بطور نمونہ چھاپے تھے[2]، یہ مولف نے ارمغان دہلی مطبوعہ ۱۸۷۸ء میں جو کچھ لکھا تھا، اس کی" ہو بہو نقل ہے۔ اکمل الاخبار دہلی میں ڈیڑھ برس تک اس کے متعلق "بحث و مباحثہ طبع ہوتا رہا، ان کی فرو گذاشت (کذا) و عدم تحقیق لغات سے انھیں آگاہ کیا گیا" (دیباچہ ص[1])۔ "ایک کاکوری (کذا) صاحب" پر بھی چوری کا الزام ہے۔ "مولف نور اللغات" نے "فرہنگ آصفیہ" میں سے لفظ "بات" اور اس کے مشتقات کی ہو بہو نقل بطور نمونہ[2] شائع فرمائی ہے" دیباچہ ص[1]۔

مولف لغت نویسی کے میدان میں قدم رکھنے کے بعد سمجھنے لگے تھے کہ یہ ان کے لیے مخصوص ہو گیا۔ اکبر آباد، بنارس، کانپور، لکھنؤ، میرٹھ، لاہور، کراچی، جھجھر، شاہجہاں پور اور دیوبند وغیرہ کے رہنے والوں کا تو اہل زبان میں شمار ہی نہیں، "وہ زباندان ہو بھی جائیں تو اہل دہلی کا لہجہ کہاں سے لائیں گے؟" "اردو سے صرف الفاظ اردو مراد نہیں، بلکہ اس کا لہجہ بھی جو اردو کی اصالت ہے (کذا) اسی میں شمار کیا جاتا ہے" (دیباچہ ص ۶۶) ٹکسالی اردو ان کے نزدیک صرف دہلی کی اردو ہے۔ ظاہر ہے کہ لکھنؤ و کاکوری دہلی نہیں، اور وہاں کے باشندوں کو لغت نویسی کا نااہل قرار دیا جا سکتا ہے، مگر مصیبت یہ آ پڑی کہ دہلی کے ایک ہندو نے ۱۸۸۶ء میں مخزن المحاورات ایک جلد میں شائع کی، یہ تو کہہ نہیں سکتے تھے کہ وہ دہلوی نہیں، پہلے تو، ہ ص ۵۷ میں "گلچھرے اڑانا" کے تحت یہ لکھا کہ "ہمارے نئے محاورہ داں" "مسلمانوں کا محاورہ کیا جانیں، اور اسی کافی نہ سمجھ کر، خلاف دستور محاورہ مذکور کو دوبارہ ہ ص ۶۲ میں ایک مستقل لغت کی حیثیت سے پیش کیا اور "نئے محاورہ داں" (ان کا کتاب نے مولف درج نہیں) پر سرقے کا الزام لگا کر یہ تحریر کیا:

"بلی نے شیر کو سب کچھ سکھایا، مگر پیڑ پر چڑھنا نہیں بتایا۔ اہل زبان اصل اور نقل کا انصاف

۱۔ مولف نے رقیبوں کی تذلیل کی ایک ایسی صورت نکالی ہے کہ شاید ہی کسی اور کو سوجھتی، انھوں نے ایک لغت "کتابی چور" وضع کر کے جلد ۳ میں اسے ایک مستقل لغت کی حیثیت سے پیش کیا اور اس کے متعلق لکھا "تصنیف چوٹا، پرائی تصنیف میں تصرف کر کے اپنی تصنیف قرار دینے والا، جیسے ہماری لغت کے بہت سے چوٹٹے ہمارے زمانے میں دہلی اور رام پور وغیرہ میں ہوئے"

۲ و ء یہ نمونے میں نے نہیں دیکھے۔

کر سکتے اور جو نکات خاص مسلمانوں کے رسوم وغیرہ سے متعلق ہیں، ان میں غور فرما سکتے ہیں کہ کون کہاں کہاں گرا، اور کون کہاں بازی لے گیا"۔

مولّف کے دوست اور آصفیہ کے تقریظ نگار "جناب افصح الفصحا ، ابلغ البلغا خواجہ مولوی (کذا) الطاف حسین حالیؔ" نے بات بالکل صاف کر دی اور لکھا کہ "جامع ڈکشنری" تالیف کرنے والے کے لیے "دہلی کا شریف مسلمان" ہونا ضروری ہے۔

یہ دکھانے کے لیے کہ آصفیہ میں کیا کیا ہے، مولّف نے دیباچے کی کم و بیش ۳۰ سطریں لی ہیں اور مقبول خود نہ صرف "فلولجی" بلکہ "فلاسفی" سے بھی بہت کچھ مدد لی ہے اور "آصفیہ" "اکثر ضروری واقعات، اصطلاحات، مختلف تحقیقات و حالات کے لحاظ سے "انسائیکلو پیڈیا یا ان اُردو کا حکم رکھتی ہے"۔ اور جو باتیں اس سلسلے میں مولّف کے قلم سے نکلی ہیں، ان میں سے بعض یہ ہیں :

"ہندی لغتوں کے مادہ (کذا) کی تحقیق اکثر بیت سنسکرت، پالی، پراکرت زبان سے لے کر فارسی تک جہاں سے ان دونوں کا ایک ہونا ثابت ہے، کی ہے۔ اور اگر ہندوستانی قدیم زبان کا کوئی لفظ آیا ہے، تو اسے بھی بتا دیا ہے کہ یہ سنسکرت کے رواج سے پہلے کی نشانی ہے فلولجی یعنی علم زبان کے ذریعہ (کذا) سے جن الفاظ کا متحد ہونا ثابت ہوتا ہے، انھیں بالتفصیل مع دلائل لکھ دیا ہے۔ اسی طرح فارسی الفاظ کا زبان ژند، پاژند اور دساتیر تک سے سراغ لگایا ہے"۔ ترکی الفاظ میں جو تغیّر ہوا ہے، اس کا ذکر بھی کیا ہے۔

مولّف نے یہ دکھانے کے لیے کہ آصفیہ میں کیا نہیں ہے۔ صرف ۱/۲ سطر لی ہے "ہاں اگر چھوڑا ہے، تو مغلّظات اور فحش چھوڑا ہے"۔ میں جن الفاظ کو فحش سمجھتا ہوں، ان میں سے شاید ہی کوئی ہو، جو آصفیہ میں نہ ہو، ظاہر ہے کہ مولّف کے نزدیک یہ فحش نہیں۔ ان کی خاص توجہ ایک لفظ پر ہے جو کاف فارسی سے شروع ہوتا ہے، جلد ۳ ص۳۰۱ تا ص۳۰۲ میں کم و بیش ۵۰ مستقل لغات ہیں، جن کا آغاز اس سے ہوتا ہے۔ ان میں سے ایک کے لیے راحت اور ۲۳ کے لیے جرکس کے اشعار بطور سند پیش ہوئے ہیں۔

بلدک کی طرف سے مجلدات آصفیہ کے زمانۂ اشاعت کے متعلق جو اطلاع دی گئی ہے، وہ منبرکی کے آغاز میں ملی گی۔ مولّف نے لکھا ہے کہ ارمغان دہلی کا خلاصہ ایک ماہانہ رسالے کے طور پر پہلی بار اپریل ۱۸۷۸ء میں شایع ہوا۔ ۱۸۸۸ء میں شائع شدہ شماری جلد ا و جلد ۲ میں تقسیم کر دیے گئے۔ اس کے بعد بڑی تقطیع پر جلد ۳ و ۴ بترتیب ۱۸۹۸ء اور ۱۹۰۱ء میں شایع ہوئیں۔ جلد ۱ و ۲ چھوٹی تقطیع پر چھپی تھیں۔ بعض حکّام عالیشان کی راے (کذا) سے بڑی تقطیع پر چھپیں،

جلد ۴ ۱۹۱۲ء میں پھر زیرِ طبع تھی کہ گھر میں آگ لگ گئی اور آصفیہ کی کُل طبع شدہ جلدیں جل گئیں۔ تخسود کن کی دستگیری سے ازسرِنو چاروں جلدیں طبع ہوئیں (دیباچہ، ۴۴) بورڈ کی دی ہوئی اطلاع اور مؤلف کے بیان میں صریحاً اختلاف ہے۔ میں نہیں کہہ سکتا کہ کسے قبول کرنا چاہیے۔

آصفیہ میں مستعمل لغات جلی قلم سے ہر بحث کی ابتدا میں مع حرکات و سکنات مرقوم ہیں۔ مؤلف نے دیباچے میں حرکات و سکنات کے متعلق جو کچھ لکھا ہے (ص۲۷) میں نے لغات کا تلفظ اسی کے مطابق کیا ہے۔ مؤلف نے ہر لغت (استثنیات سے قطع نظر) کے بعد اس کی اصل بتائی ہے، پھر اس کے معنی یا معانی درج کیے ہیں۔ مؤلف نے کہیں لکھا ہے (کہاں' یہ بعد کو بتایا جائیگا) کہ پہلے لغوی معنی دیے گئے ہیں۔ اگر کوئی ہدایت اس کے خلاف درج نہیں، تو یہ سمجھا جائیگا کہ لغات کی ابتدا میں جو معانی ہیں' وہ لغوی ہیں اور مؤلف کے نزدیک اُردو میں مستعمل۔ سند کہیں دی گئی ہے، کہیں نہیں۔

مؤلف نے دوسروں پر اعتراض کیا ہے اور معترف ہیں کہ ان سے غلطی ہو سکتی ہے۔ اس سلسلے میں انھوں نے لکھا ہے کہ "بارہا ایسا ہوا ہے کہ جن باتوں پر ابتدا میں لوگوں نے اعتراض کیا ہے، اخیر کو تجربے کے بعد وہی ماننی پڑی ہیں، ہم نے نہ عیب چینوں کا خوف کیا، نہ خردہ بینوں کی پرواہ" اس موقع پر جو اشعار درج کیے ہیں' ان میں سے یہ ہیں:

"میں ہوں بشر کلام بشر ہے مرا کلام ۔۔۔ حاسد کو اعتراض ہو حق کے کلام پر" دیباچہ
"جو ایک عیب ہو دیکھیں ہزار غور سے یار ۔۔۔ ستم ہے لاکھ ہنر پر نظر کسی کی نہ ہو" ص۴۱

میرے نزدیک آصفیہ میں بکثرت غلطیاں اور فرو گذاشتیں ہیں' جن میں سے چند کی طرف بورڈ کے ارباب حل و عقد کی توجہ منعطف کرائی جاتی ہے۔ اگر انہوں نے ثابت کر دیا کہ میں غلطی پر ہوں' تو میں طالب معذرت ہوں گا، ورنہ ابھی اس طرح کی کم از کم ۳ قسطیں اور ہوں گی۔

۲۔ مؤلفؔ نے جو اپنی کتاب کا نام رکھا ہے، اس پر ۲ اعتراض وارد ہوتے ہیں" فرہنگ" بقول مؤلف "کتاب لغات فارسی" مثل فرہنگ رشیدی و فرہنگ جہانگیری وغیرہ ہے (تحت فرہنگ)۔ یہ صحیح ہے تو اُردو لغت نامے کا نام فرہنگ آصفیہ کیوں رکھا؟ اور بحث "گوش" میں اسے فرہنگ ہندی کیوں کہا؟ آصف اور آصفیہ

۱۔ مستعملات کی سند دینی بیکار ہے۔ مگر کہیں کہیں دی گئی ہے۔ کوئی صاحب طالب سند ہوئے تو پیش کی جائے گی۔ یہ بات کہ مؤلف کے نزدیک اُردو ہے تو وہ احتہً اسے لکھنا تھا اور سند پیش کرنا تھا، بار بار نہیں لکھی جائے گی۔ اگر مؤلف کا کوئی قول نقل ہوا ہے اور اس کے صرف ایک حصے پر اعتراض ہوا ہے تو لازماً یہ نہ سمجھا جائے کہ میرے نزدیک اور کوئی بات قابل اعتراض نہیں۔

جہاں بھی حرکت صاد کے ساتھ ہیں، یہ حرکت کسرہ ہے۔ حالانکہ یہ مسلّمات سے ہے کہ یہ فتحہ ہے، چنانچہ معین (فرہنگ فارسی، ڈکٹر محمد معین)، میں اسی طرح ہے، اور امیر (= امیر اللغات) کا بھی یہی حال ہے۔ اس میں آصف ہم، اور آصفی و آصفیہ ایک ایک جگہ مفتوح الصّاد ہیں اور کہیں بکسرۂ صاد نہیں، یہ اس کے خلاف پڑتا ہے کہ اُردو میں مکسور الصاد ہے، اگر مؤلف کا یہ خیال تھا، تو اسے صراحتہً لکھنا تھا اور سند پیش کرنی تھی

(۳) شاعر عروض جاننے والا (چونکہ پہلے آ رہا ہے، اس کے لغوی معنی سمجھنا چاہیے اور شعر کہنے والا) نہ، اس کے معنا بعد "شاعرہ" ہے، جو صرف شعر کہنے والی کہا ہے۔ مونث ہوتے ہی لغوی معنی کس طرح بدل گئے؟ شاعر کے لغوی معنی "دریابندہ" ہیں۔ شاعر کے لیے عروض دانی مطلقاً ضروری نہیں، رومی کا شعر ہے:

شعر میگویم بہ از آب حیات — من ندانم فاعلاتن فاعلات

(۴، ۵) تعقید "اصطلاح عروض میں بے موقع الفاظ کا بٹھانا"، تضمین "اصطلاح عروض میں مشہور مضمون یا شعر کو اپنی نظم میں داخل یا چسپاں کرنا۔ دوسرے کے شعر پر مصرعے یا بند لگانے" ان دونوں کا عروض سے کچھ تعلق نہیں۔

(۶) تیرہویں صدی ہجری "سنہ ۱۲۰۰ کا زمانہ ہے (کذا)، "جس کہ اس وقت سنہ ۱۳۳۶ ہجری ہیں" یہ صحیح ہے تو وہ لوگ جو یہ سمجھتے ہیں کہ پہلی محرم سنہ ۱۳۰۱ سے چودھویں صدی شروع ہوگی، غلطی پر ہیں۔

(۷) سنبل۔ خواجہ وزیر۔۔ نے۔۔ "تعجب ہے کہ سنبل بروزن بلبل کو بائے تازی موقوف کے ساتھ نہیں معلوم کس اُستاد کی تحقیق یا سند کے موافق باندھا، یا لام گرایا ہے"۔ شعر جس طرح آصفیہ میں ہے، بالکل اسی طرح دیوان وزیر ص ۲۱۶ میں بھی ہے (مطبع مصطفائی، ۱۲۷۲ھ) اس میں نہ ب ساکن ہے، نہ ل گرا ہے۔ اعتراض بالکل ذاتی ہے۔

(۸) بروز حشر الٰہی چو نامۂ عملم — کنند باز کہ آن روز باز خواہ من است
بکن مقابلہ آن را ز سرنوشت ازل — اگر زیادہ کمی باشد آن گناہ من است

آصفیہ ص ۲۲۳ میں بعنوان "رباعیات رنجہ" ۸ مقولات ہیں، مگر مؤلف کے نزدیک یہ "دو ایک" ہیں، آٹھ کو شاید ہی کسی نے "دو ایک" کہا ہو۔ اسی طرح اس قطعے کو جس کی بیت اوّل غیر مصرع ہے اور جو رباعی کے وزن میں بھی نہیں، شاید ہی کسی نے رباعی کہا ہو: میرا خیال ہے کہ کسی اور شخص نے اسے سرمد کی طرف منسوب نہیں کیا۔
مخزن الغرائب میں یہ قطعہ توفیق کشمیری سے منسوب ہے۔

(۹) نہ گفت آتش من ہمانم آتشم — اندر آ تا تو بہ بینی (ببینی) تابشم

بحث "آتش" میں ہے کہ رومی نے اس شعر میں تائے آتش کو مکسور باندھا ہے، اور فرہنگ جہانگیری میں ہے

کسرۂ تاکے ثبوت میں پیش نہ آئے، اگر ہم اس موقع پر ضرورتِ شعر کے باعث یکسر تا قافیہ باندھ دینا جائز خیال کر سکتے ہیں۔" یہ شعر کی کسی خاص حرکت کے ثبوت میں وہی شخص پیش کر سکتا ہے، جو فنِ قافیہ سے ناواقف ہے۔ اس شعر میں "شش" حرفِ روی ہے جو حرفِ وصل "م" سے مل کر متحرک ہو گیا ہے، صاحبانِ المعجم فی معاییر اشعار العجم و معیار الشعرا اور جامی و عطاء اللہ کا اس پر اتفاق ہے کہ حرفِ قبل روی (اس شعر میں "ت") کی حرکت داخلِ قافیہ نہیں۔ اس لئے اگر ایک مصرع میں یہ مفتوح ہے، تو دوسرے میں اس کا مفتوح ہونا ضروری نہیں؛ یہ مضموم یا مکسور بھی ہو سکتا ہے۔ کسی شخص نے اس سے اختلاف کی جرأت کی تو صاحبانِ المعجم وغیرہ کے اقوال پیش ہوں گے۔

(۱۰) تواباہ (یہ صریحاً غلط طباعت، صحیح توباہ) اُردو؛ اس کی سند میں یہ مطلع درج ہے، جس کے مصنّف کا نام مولّف کو معلوم نہیں، شعر دیوانِ معروف میں ہے۔ مگر اس وقت یہ پیشِ نظر نہیں۔ "تذکرۂ سرور" میں ان کی طرف منسوب ہے۔ یہ توباہ کی سند نہیں ہو سکتا۔ آصفیہ میں دونوں مصرعوں کا آخری لفظ یہی ہے، مگر دیوان و تذکرہ میں اس کی جگہ "تونہ" ہے۔

(۱۱) وادیِ عشق کی راہیں کوئی ہم سے پوچھو ۔ خضر کیا جانیں غریب اگلے زمانے والے

یہ شعر "اگلے زمانے والے" سند میں پہلے تو اس طرح مرقوم ہے اور اس کے معاً بعد دوسرا مصرع اس پیش مصرع کے ساتھ ہے "راہِ حق رندِ خرابات سے جا کر پوچھو" (دونوں شکلیں بدون نام شاعر)۔ "وادیِ عشق الخ" "وادی" کی سند میں بھی آیا ہے اور میر کی طرف منسوب ہے۔ یہ کہیں اور میر کے نام سے مندرج نہیں، یہ صبا لکھنوی شاگرد آتش کا ہے، اور ان کے دیوان ص۱۲۳ میں اس کی پہلی شکل موجود ہے۔ (مطبع نامی لکھنؤ ۱۸۹۰ء)

(۱۲) نہ سنبھلا آسماں سے عشق کا بوجھ ۔ ہمیں ہیں یہ جو ٹک سہار جاتے ہیں

جلد ۴ ص۳۲، بنام سودا۔ دیوانِ قائم ص۱۱۹ میں اس اختلاف کے ساتھ کہ "جو یہ" بجائے "یہ جو"۔

(۱۳) "مژگانِ تر ہوں یا رگِ تاکِ بریدہ ہوں۔ جو کچھ کہ ہوں، سو ہوں، غرض آفت رسیدہ ہوں" ص۱۸۳ بنام سودا — سودا کی ایک غزل ہے جس کے مقطع میں "جو کچھ الخ" کی تضمین ہوئی ہے، پیش مصرع یہ ہے: "میں کیا کہوں کہ کون ہوں سودا بقولِ درد" ع "مژگاں الخ" دیوانِ درد ص۲۹ میں ہے، گر یہ امور اس سے مانع نہ آئے کہ شعرِ زیرِ بحث سودا کا زائیدۂ فکر قرار دیا جائے۔

(۱۴) "ترچھی نظروں سے نہ دیکھو عاشقِ دلگیر کو ۔ کیسے تیر انداز ہو سیدھا تو کر لو تیر کو"

خواجہ وزیر کا یہ مطلع ان کے دیوان ص۱۴۹ میں ہے۔ اور بہت مشہور ہے۔ آب حیات میں ایک جگہ بنام وزیر دوسری جگہ بنام ناسخ ۔۔

(۱۵) تمہارے رخ میں ہے جو لطف ملک کو خبر نہیں — خورشید کیا ہے اس کے فلک کو خبر نہیں

بموجب شمس البیان و لغت شیکسپیر، یادنی اختلاف شعر تجرد، مگر ” صاحب آب حیات جو بہت (کذا) محقق اور زبان اردو کے مسیحا، بلکہ خضر ہند ہیں، وہ حضرت سودا کا بتاتے ہیں، ہم نے بھی انھیں کے موافق لکھا، شاید کلیات میں بھی نکلے“ ۲ ص۳۵۲۔ کلیات مطبع دہلی میں جو مؤلف کے زمانے میں چھپا اور سہل الحصول تھا، ردیف ’ن‘ کی غزلیں ص۲۳۸ تا ص۲۵۷ میں ہیں، اور ص۳۰۱ میں بعنوان ”افراد“ جو اشعار ہیں، ان میں سے ۷ ن پر ختم ہوتے ہیں۔ کلیات کی طرف رجوع کر کے یہ دیکھنے میں کہ مطلع زیر بحث اس میں ہے، یا نہیں چند منٹ صرف ہوتے۔ گر مؤلف کو اس کی ضرورت متصور نہیں۔ کلیات کے کسی مطبوعہ یا قلمی نسخے میں (از آن جملہ نسخۂ شایع کردۂ پروفیسر محمد حسن) یہ مطلع نہیں اور میرے علم میں باستثنای مؤلف و آزاد کوئی ایسا محقق نہیں، جس نے اسے سودا کی طرف منسوب کیا ہو۔ شمس البیان، طپش کی تالیف ہے، جو آزاد کی ولادت سے قبل فوت ہو چکے تھے اور طپش سے بھی پیشتر۔ گردیزی، میر اور قائم کے لکھے ہوئے تذکروں میں بنام تجرد موجود ہے۔

(۱۶) دلی کے کجکلاہ لڑکوں نے — کام عشاق کا تمام کیا
کوئی عاشق نظر نہیں آتا — ٹوپی والوں نے قتل عام کیا

دیباچہ ص۹۸ میں ہے ” میر تقی نے بھی ان کجکلاہوں کو نادر شاہی۔۔ قزلباشوں سے تشبیہ دی ہے چنانچہ یہ قطعہ مشہور ہے ” دلی کے کجکلاہ الخ“ ۲ ص۱۲ اور ۳ ص۴۷۹ میں قطعہ بنام میر اور ۳ ص۳۷۲ میں اس کی بیت اوّل۔ کلیات میر (دیوان ۱ ص۱۳۱) میں یہ قطعہ موجود ہے، مگر اس سے قبل یہ بیت ہے، جس سے قطعی طور پر یہ ثابت ہے کہ قطعہ پیام کا ہے۔ (نکات الشعرا میں بھی بنام پیام موجود ہے۔ (طبع اوّل، انجمن ترقی اردو ص۲۹)

ہوگیا دل مرا تبرک جب — دردیے (= یہ ’انھوں نے‘ صریحاً غلط) قطعۂ پیام کیا

(۱۷) قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہے جا کر کہاں کمند — دو چار ہاتھ جب کہ لب بام رہ گیا

۱ ص۳۸۴ میں بنام ذوق کسی اور نے اسے ذوق سے منسوب نہیں کیا اور دیوان ذوق میں بھی نہیں۔ یہ قائم کا مشہور ترین شعر ہے اور اس فرق کے ساتھ دیوان ص۳۱ میں موجود ہے کہ ” دو چار الخ“ اس میں اس طرح ہے: کچھ دور اپنے ہاتھ سے الخ“

[فرہنگ آصفیہ کے تبصرے کی قسط ۱ جس وقت لکھی گئی تھی میں بیمار تھا، اور یہ قسط بھی جس وقت تحریر ہو رہی ہے میری کیفیت وہی ہے جو اس وقت تھی، بلکہ میں پابہ رکاب ہوں، دہلی علاج کے لیے جا رہا ہوں۔ ترتیب مطالب جس طرح چاہیے نہ ہو سکی، میں ناظرین سے معذرت طلب ہوں۔

× اگر کسی لغت کے ساتھ ہے، تو اس سے مراد یہ ہے کہ یہ مستقل لغت کی حیثیت سے آصفیہ (= فرہنگ آصفیہ) میں نہیں، کسی اور طرح اس میں ہو، تو ہو۔ لغت میں اس کا کوئی خاص طریق استعمال بھی شامل ہے۔ اگر × کسی کتاب کے ساتھ ہے، تو اس کے معنی یہ ہیں کہ لغت یا زیر بحث طریق استعمال اس کتاب میں نہیں۔ + اگر کسی لفظ کے ساتھ ہے تو یہ سمجھا جائے کہ وہ اردو میں کثیر الاستعمال ہے، اگر کسی کتاب میں اس کے کسی صفحے کے شمار کے بعد ہے، تو اس سے یہ مراد ہے کہ اس کتاب میں وہ اور جگہ بھی آیا ہے۔ بس = آصفیہ میں ہے مگر بغیر سند۔ میں نے سند میں مکمل شعر یا مصرع پیش کیا ہے، یہ بھی ہوا ہے کہ کسی مصرع کے چند لفظ درج کر دیے جائیں۔ صفحوں کا حوالہ عموماً دیا گیا ہے، جہاں نہیں ہے، وہاں حافظے پر بھروسا کیا گیا ہے]

(۱۸) تو مجھ بھول گیا ہو تو پتا بتلا دوں — کبھی فتراک میں تیرے (کہ فتراک کو مذکر بتایا ہے) کوئی نخچیر بھی تھا"
۳ صـ ۳۲۵ میں بنام مصحفی۔ یہ غالب کا مشہور شعر ہے۔

(۱۹) جو کوئی کسی یار کو کلپاوے گا — یہ یاد رہے وہ بھی نہ کل پاوے گا
اس دیر مکافات میں سن ای غافل — جو آج کرے گا سو وہ کل پاوے گا

۱ صـ ۱۱۵ میں بنام غافل اور ۳ صـ ۵۲۱ میں کسی قدر اختلاف کے مگر اس میں بھی 'غافل' اپنی جگہ پر ہے سلسلہ بنام مرزائی۔ مؤلف نے اس صفحے میں اسے 'قطعہ' کہا ہے۔ تذکرہ میر حسن صـ ۱۶۷ میں بنام محمد علی خاں مشہور بہ مرزائی مصرع ۳ میں 'غافل' بطور تخلص آیا ہے۔ قطعہ مرزائی کا ہو یا نہ ہو، غافل تخلص کے کسی شاعر کا قطعاً نہیں۔

(۲۰) جی کی جی ہی میں رہی بات نہ ہونے پائی   ایک بھی اس سے ملاقات نہ ہونے پائی

ص۳۸ میں بنام 'انشا'، لیکن نہ کلیات انشا کے کسی نسخے میں جو میں نے دیکھا ہے، موجود ہے اور نہ مؤلف کے سوا کسی نے اسے انشا کی طرف منسوب کیا ہے۔ مطلع درد کا ہے ص۳۶۔

(۲۱) مطلع ذیل سحر لکھنوی کا ہے ص۸۵ آصفیہ ۴ ص۵۰۵ میں بنام سحر:

ہمیں کیا جو تربت پہ میلے رہے   یہ سب کچھ ہوا ہم اکیلے رہے

(۲۲) آبرو عہد محمد شاہ تک زندہ رہے، اس عہد کا آغاز ۱۱۳۱ھ اور انجام ۱۱۶۱ھ میں ہوتا ہے۔ اس لیے مؤلف کے قول کے مطابق ۱۱۶۲ھ سے پیشتر راہی عدم ہو چکے تھے، مگر ما بعد ان کے قلم سے نکلا ہے کہ ان کا نام ۱۹۱۵ھ پایا جاتا ہے" ابھی اس سنہ کے آنے میں کئی سو سال باقی ہیں۔ یہ بھی نہیں کہہ سکتے کہ سہواً عیسوی کی جگہ ہجری لکھ دیا ہے۔ ۱۹۱۵ء چودھویں صدی ہجری میں پڑتا ہے۔ آبرو کا سال وفات سفینۂ خوشگو میں ۱۱۴۶ھ مرقوم ہے۔

(۲۳) اثر، برادر خرد درد "غالباً دسویں صدی ہجری میں موجود تھے"۔ مؤلف کو اس کا علم ہے کہ درد و اثر کے والد خواجہ ناصر عندلیب ۱۱۰۵ھ میں پیدا ہوئے تھے (ص۳۲۴) مگر اس کے باوجود لکھ دیا کہ "غالباً" الخ۔

(۲۴) درد کی رباعیات کے مجموعے کا نام واردات ہے؛ اس پر اضافہ کیا ہے کہ یہ کتاب "کچھ اور ہی لطف دکھاتی ہے" (ص۳۲۶) اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے مطالعے کے مدعی ہیں۔ مگر یہ مجموعۂ رباعیات نہیں، شرح رباعیات فارسی ہے۔

(۲۵) مرزا مظہر کے "اردو اور فارسی کے دو دیوان مؤلف فرہنگ کی نظر سے بھی گزرے ہیں" (ص۳۲۴)

ان کے دیوان اردو کا کسی اور نے (حتی کہ "بہت محقق" آزاد نے بھی) ذکر نہیں کیا، مؤلف پہلے ہی شخص ہیں جو اس کے دیکھنے کے مدعی ہیں۔

(۲۶) عرفی کے ترجمے میں عرفی کے چار درویش کا ذکر ہے، دیباچہ ص۲۳ میں ہے کہ چار درویش خسرو کی "قبولیت پر رشک کھا کے" عرفی نے اسی زبان شیراز میں لکھا، اور خسرو پر "منہ آیا کہ جو باتیں ہم نے اپنے گھر کی بڑھیا عورتوں سے سنی ہیں، وہ خسرو نے خاقانی و عرفی سے اخذ کی ہیں، کہاں ہمارا چار درویش اور کہاں خسرو کا"۔ مؤلف کو دعویٰ ہے کہ یہ ان کے دوست "مولو" مرزا بیگ خاں" کے پاس ہے اور ان کی نظر سے گزرا ہے۔ خسرو نے چار درویش

لکھی ہی نہیں کہ عرفی اس پر ممنتہ آتا۔ عرفی کی چادر درویش بھی وجود خارجی سے محروم ہے۔ "اپنے گھر... ۱۹۰۲ کی تیہ"
یہ بات بقول جلالی طباطبائی عرفی نے 'بوالفضول' سے کہی ہے۔ (= ابوالفضل)

(۲۷) مؤلف آصفیہ نے اپنے دیباچے میں دعویٰ کیا ہے کہ آصفیہ "انسائیکلوپیڈیا ایران اُردو کا حکم رکھتی ہے، اور اسی وجہ سے ہم کہہ سکتے ہیں کہ معلومات واستحکام زبان کے واسطے اس سے بہتر ذخیرہ ابھی تک دستیاب نہیں ہوا" ص۳۔ آصفیہ میں بحیثیت دائرۃ المعارف بہت کچھ جو ہونا تھا، نہیں ہے، اور جو نہ ہونا تھا ہے۔ مؤلف سے جو غلطیاں سرزد ہوئی ہیں، ان پر حیرت ہوتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قسط اوّل کے مطالعے کے بعد ناظرین مجھ سے اتفاق کریں گے کہ مؤلف پر شعر ذیل صادق آتا ہے، اور وہ اس کام کے جو انہوں نے خواہ مخواہ اپنے ذمے لیا تھا ہرگز اہل نہ تھے:

تو کار زمیں را نکو ساختی　　　که با آسمان نیز پرداختی

(۲۸) ارمغان دہلی آصفیہ کی "ابتدائی" جلد اور اس مطبع کا نام جس میں یہ کتاب چھپی تھی۔ آصفیہ۔ یہ باب الف کے مندرجات میں ہے، اور آغاز بحث میں "ارمغان، دہلی" جلی قلم سے لکھا ہوا ہے۔ مؤلف کے سوا شاید ہی کسی کو سوجھی ہو کہ اپنی کتاب اور اس کے چھاپنے والے مطبع کے لیے ایک مستقل بحث داخل کتاب کرے، اس کی جتنی داد دی جائے کم ہے۔

(۲۹) آزاد، غلام علی بلگرامی "مشہور ادیب اور مصنف" "عربی" میں سراپائے (کذا) معشوق سب سے پہلے انہیں نے لکھا" آصفیہ۔ آزاد کا سال ولادت و وفات بآسانی معلوم ہو سکتا تھا، مگر اس کا ذکر غیر ضروری متصوّر ہوا، اور ان کے تذکروں کے بارے میں بھی ایک لفظ مؤلف کے قلم سے نہ نکلا۔

(۳۰) آزاد، محمد حسین کا سال موت باوجود معاصرت وہم وطنی بجائے ۱۹۱۰ء کے ۱۹۰۱ء لکھا ہے۔

(۳۱) آشفتہ دہلی کا ایک "مشہور" شاعر جس نے اپنی معشوقہ بنو کے فراق میں خودکشی کر لی، آصفیہ میں دونوں کے دو دو شعر۔

(۳۲) اوباش دہلی کا ایک ریختی گو، آصفیہ میں اس کا نام تک درج نہیں۔ آشفتہ و اوباش دونوں آصفیہ میں شمول کے مستحق نہ تھے۔

(۳۳) انشا، شاگرد مصحفی لکھنوی۔ موت ۱۲۳۳ھ آصفیہ، شاگرد مصحفی غلط محض، مصحفی کا وطن امروہہ۔ سال وفات انشا ۱۲۳۲ھ۔

(۳۴)۔ آزردہ "وحیدالعصر یکتای دہر" (وحید اور یکتا میں سے ایک بیکار) "افضل العلما مولوی مفتی صدرالدین خاں.. جو بہت بڑے عالم عربی، فارسی، ریختہ کے اعلیٰ درجے کے فاضل تھے" ۴ شعر بھی مندرج آصف، آزردہ کی اعلیٰ درجے کی فارسیدانی اور اُردودانی کا ثبوت موجود نہیں، ان زبانوں میں ان کے شعر بھی کم ہیں۔ سال ولادت و وفات نہیں دیا۔

(۳۵) افلاطون شاگرد سقراط، یہ ترجمۂ سقراط میں ایک جگہ، دوسری جگہ یہ کہ وہ سقراط جیسے لائق حکیم کا استاد تھا" افلاطون کا استاد سقراط ہونا مؤلف کے سوا دنیا میں کسی کو معلوم نہ تھا، مگر اب ان کی بدولت یہ بات عام ہو گئی۔ اس کے متعلق ایک اور نئی بات یہ ہے کہ مصنف کتاب الحکما کا قول ہے کہ اس نے "بچشم خود" اس کی نو سو پچاس تصنیفات دیکھی تھیں۔ مؤلف نے ۴۵ سطور میں افلاطون کا ترجمہ قلمبند کیا ہے، مگر یہ بتانا غیر ضروری سمجھا ہے کہ کتاب الحکما کس کی تصنیف ہے۔ مجھے یاد تھا کہ اس نام کی ایک کتاب قفطی کی ہے، اصل کتاب تو کتبخانۂ خدابخش میں ملی نہیں، اس کا فارسی ترجمہ ہے، اور اس میں وہ بات جو مؤلف نے اس کے حوالے سے لکھی ہے، نہیں ہے۔ اگر واقعی کتاب الحکما نام کی کسی کتاب میں یہ بات ہے کہ مصنف نے افلاطون کی ۹۵۰ کتابیں بچشم خود دیکھی تھیں، تو یا تو اوّل درجے کا جھوٹا ہے، یا ایک حد درجے کا سادہ لوح شخص جو کو بما، مامقیمان کو بھی اگر کوئی کہہ دیتا کہ یہ افلاطون کی طبعزاد ہیں، تو اسے صحیح سمجھ سکتا تھا۔

(۳۶) تاباں "عین عنفوان شباب میں مرے۔ کہتے ہیں کہ حضرت ۱۱۹۷ھ تک زندہ تھے" یہ تو ترجمۂ تاباں میں ہے، ترجمۂ میرزا مظہر میں ہے کہ تاباں ان کے قتل کی وجہ بیان کرتے تھے۔ یہ واقعہ اوائل ۱۱۹۵ھ کا ہے۔ تاباں اس سے بہت پہلے راہی عدم ہو چکے تھے۔ ترجمۂ خسرو میں مؤلف نے تذکرۂ میر کا حوالہ اس طرح دیا ہے کہ اس سے یہ نتیجہ نکل سکتا ہے کہ اس سے بلاواسطہ استفادہ کیا تھا۔ یہ ۱۱۶۵ھ میں تمام ہوا تھا، اور اس میں وفات تاباں کا ذکر ہے۔ سودا (متوفی ۱۱۹۵ھ) کے کلیات کے ایک نسخے میں جو سودا کے دوران حیات میں مرتب، اور شورش ۱۸۵۷ء سے کچھ قبل دہلی میں چھپا تھا، ایک مثنوی ہے جس میں یہ شعر ہیں:

خوبصورت یار بھی اپنے گئے   مونس و غمخوار بھی اپنے گئے
جیسے عبدالحی تاباں ہو چکا   ساتھ اس کے اک سلیمان ہو چکا

تذکرۂ میر کے بعد جو تذکرے وجود میں آئے ہیں، اور ان میں تاباں کا ترجمہ ہے سب میں ایک آنجہانی

شخص کی طرح ان کا ذکر ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ تذکرے مولّف کی نظر سے نہیں گزری تھی۔

(۳۷) سید غلام حسین بن میر غلام حسین۔ موت حسن ۱۲۰۱ھ "شیریں زباں" تاریخ کسی نے اچھی نکالی ہے" آصفہ۔ باپ بیٹے دونوں کا ایک نام! تذکروں میں بشمول تذکرۂ میر حسن بیٹے کا نام غلام حسن اور باپ کا غلام حسین ہے۔ "شیریں زباں" بہت اچھی تاریخ ہوتی، مگر ایک ذرا سی خرابی یہ ہے کہ اس سے ۶۳۰ نکلتا ہے۔ اس میں 'شاعر' کا اضافہ ہو تو ۱۲ مستزاد ہو، اور مصحفی نے جو قطعۂ تاریخ وفات اپنے تذکرۂ ہندی میں درج کیا ہے، اس کا مادۂ تاریخ یہی ہے۔

(۳۸) انوری کو یلیخوں نے قتل کر ڈالا۔ مولّف سے قبل کسی نے یہ نہیں لکھا، اس لئے کسی کو اس کی تردید کی ضرورت نہیں ہوئی۔ براؤن اور ذبیح اللہ صفا کی تاریخ ادبیات فارسی اور تذکرۂ عوفی وغیرہ دیکھی جائیں۔

(۳۹) دہ مجلس فضلی نے لکھی جو بار بار چھپی ہے دیباچہ ص ۲۲۔ کریم الدین پر بھروسہ کرکے میں نے بھی یہی نام لکھا تھا، مگر کتاب کو دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس میں ۱۱ مجالس ہیں اور اس کا نام کربل کتھا ہے۔ یہ پہلی بار چند سال قبل طبع ہوئی (مرتبۂ پروفیسر مختار الدین احمد و مالک رام)

(۴۰) خواجہ معین الدین حسن چشتی اجمیری کے ترجمے میں (جلد ا ص ۳۱۴) ان کو والد کو، اور ترجمۂ شیخ علی محمد مخدوم (جلد ا ص ۳۱۳) میں خود انہیں سنجری (س ن ج ری) لکھا ہے، حالانکہ سجزی (س ج زی) ہونا مسلّمات سے ہے۔ آصف جلد میں اولیا کے تراجم ص ۳۱۳ اور ص ۳۲۶ میں ہیں اور مولّف کا دعویٰ ہے کہ انہیں ان کے لئے "سیکڑوں کتابیں اُلٹ پلٹ کرنی پڑیں"

(۴۱) جرأت سال وفات ۱۲۲۵ آصفہ صحیح ۱۲۲۴، اس کے متعلق میرا مقالہ شائع ہو چکا ہے۔

(۴۲) ثاقب، شہاب الدین، بیس پچیس سال قبل موت آصفہ، باوجود معاصرت وہم وطنی، نہ یہ بتایا کہ غالب سے تلمذ تھا، نہ یہ کہ سال وفات کیا تھا۔

(۴۳) ناجی، سال وفات ۱۱۶۶ھ۔ تذکرۂ میر کے مکمل ہونے سے قبل مر چکے تھے۔

(۴۴) گلستان سخن (تحت "جا") سے مولّف نے بہت کچھ لیا ہے، اور یہ دہلی ہی میں ۱۸۵۷ء سے کچھ قبل طبع ہوا تھا۔ اس کے سرورق میں مرقوم ہے کہ مولّف قادر بخش صابر ہیں، اور کتاب صہبائی کی

اصلاح سے مزین ہے۔ مگر نہ جانے کس طرح مؤلف نے اسے رحیم الدین حیا دہلوی سے منسوب کر دیا۔ یہ تو بعض اصحاب نے لکھا ہے کہ در اصل صہبائی کی تالیف ہے، لیکن حیا کی طرف انتساب میں مؤلف منفرد ہیں۔ اس پر میرا ایک مفصل مقالہ شائع ہو چکا ہے۔

(۴۵) عبدالحق محدث دہلوی نے پچاس ہزار شعر سے کم نہیں کہے آصفیہ ا ۳۲۲ مبالغے کی حد ہو گئی۔

(۴۶) ابن رشد یا ابن رشید آصفیہ۔ ابن رشید نہ جانے کہاں ملا۔

(۴۷) آصفیہ میں حالی کا ترجمہ ہے مگر حاتم (شاعر) کا نہیں۔

(۴۸) حافظ شیرازی کا ترجمہ آصفیہ میں نہیں۔

(۴۹) خسرو بکسرۂ اول ف، معرب کسریٰ یا خوشرو، آصفیہ خسرو (شاعر) کا ترجمہ ۷ کالموں (چند سطریں کم)۔ میں ہے، مگر ابتدا ہی غلط ہے۔ خسرو بالضم ہے، اور یہ پہلوی میں ہُسرود = نیک شہرت ہے، کسریٰ اس کا معرب ہے۔ (معین) خسرو پرویز کا حال بھی ۷ کالموں میں ہے، اور دونوں خسرو ایک ہی عنوان کے تحت ہیں۔ یہ غلط طریقہ ہے، اور یہ مؤلف کی عام روش ہے۔

(۵۰) مؤلف نے فرہنگ میں یہ روش اختیار کی ہے کہ لغات ہوں یا اعلام (بشرطیکہ دوسرے لفظ کے ساتھ نہ ہوں) جلی قلم سے لکھے ہیں، اور حرکات و سکنات ان کے ساتھ ہیں، کس طرح؟ یہ دیباچہ ص۷ میں مرقوم ہے۔ اس میں قباحت یہ ہے کہ اگر کوئی بحث ایک ہی سطر میں تمام ہو گئی ہے، تو بعض مقامات میں بعد کی بحث کے ابتدائی لفظ کی حرکات و سکنات کے ساتھ مخلوط ہو جاتی ہیں۔ مؤلف پہلے یہ بتاتے ہیں کہ لغت کس زبان کا ہے، اور وہ اردو ہندی میں فرق کرتے ہیں، مثلاً بڑی ہندی ہے اور بڑی لیست اردو۔ اگر لفظ مرکب ہوتا ہے، تو وہ یہ بتاتے ہیں کہ کن زبانوں کے الفاظ اس میں ہیں، مثلاً "بلا بدتر، ع، ف ہے، مگر انہوں نے اس قاعدے کی خلاف ورزی بکثرت کی ہے، مثلاً بلاکش و بلاگردان صرف ف ہیں۔ اصل لغت میں اگر بیرونیوں نے تصرف کیا ہے تو وہ اس کا ذکر کبھی کرتے ہیں، کبھی نہیں اور اس سلسلے میں لفظ کی اصل بتانے کے بعد وہ یہ لکھتے ہیں کہ فعل (اس میں مصدر شامل) ہے، یا صفت، یا حرف، یا "تابع فعل" (ایڈورب)۔ لفظ کا مذکر یا مؤنث ہونا کہیں ہوتا ہے، کہیں نہیں۔ مؤلف حسب ضرورت یہ بھی لکھتے ہیں کہ لغت عورتوں کی زبان یا عوام الناس کی زبان کا ہے۔ بہت سے الفاظ یا طرق استعمال کے متعلق وہ بتاتے ہیں کہ یہ پورب سے تعلق رکھتا ہے، مگر انہوں نے فرہنگ میں "پورب" کے بارے میں جو کچھ لکھا ہے، اس سے یہ سمجھنے میں مطلقاً

مددچاہیں ملتی کہ کسی لغت یا طریقۂ استعمال کو جب وہ 'پوربی' کہتے ہیں، تو پورب' سے ان کی کیا مراد ہوتی ہے۔ مؤلّف نے دیباچے میں یہ اطلاع دی ہے کہ وہ پہلے لغوی معنی دیتے ہیں' مگر اس قاعدے کی بکثرت خلاف ورزی ہوئی ہے۔ لغوی معنی میں مستعمل نہیں تو اس کا ذکر ضروری نہیں سمجھتے۔ بکثرت ایسے لغات جن کا اُردو سے کچھ تعلق نہیں' خواہ مستقل لغات کی حیثیت سے خواہ بطور معنی آصفیہ میں آئے ہیں' اور بکثرت ایسے لغات جو مستند اساتذہ کے یہاں ملتے ہیں' اس سے غیر حاضر ہیں۔ ہزاروں الفاظ بدون سند آصفیہ میں درج ہیں اور بعض کی سند دینے میں افراط سے کام لیا ہے۔

---

(۵۱) آصفیہ کے مؤلف نے یہ تو آصفیہ جلد اوّل کی تمہید میں ۳۰ سطروں میں دکھایا ہے کہ اس میں "کیا کیا ہے" لیکن، یہ صرف ½ سطر میں بتایا ہے کہ اس میں کیا نہیں ہے، صلہ ۔۔۔ ۔ حال آنکہ ہزاروں مفردات و مرکبات و طریقِ استعمال جو مستند اہلِ قلم کے یہاں ملتے ہیں' اس سے غیر حاضر ہیں۔ بات یہ نہیں کہ وہ ان سے واقف تھے' اور انھیں قابلِ شمول نہیں سمجھے۔ مستند اساتذہ' نظم و نثر کی تو غلطیاں بھی نظر انداز نہیں کی جا سکتیں' اس لیے ان کو ناظرین دعوے کا کھا سکتے ہیں۔ پھر یہ کہ فرہنگ کا ایک مقصد یہ بھی ہے کہ وہ اساتذہ کی نظم و نثر کے سمجھنے میں مدد دے، اگر کوئی لفظ یا طریقِ استعمال ولی، آبرو، ناجی، فضلی، حاتم، سودا، میر، درد، سوز، قائم، بیان، بیدار، اثر، حسرت، میر حسن، مصحفی، جرأت، انشا، نصیر، ممنون، احسان، ناسخ، آتش، مومن، غالب وغیرہ کے یہاں ملتا ہے، اور آصفیہ میں نہیں تو یہ مؤلف کا قصور ہے۔ یہ نہ سمجھا جائے کہ مؤلف کی ایک خاص روش ہے، جو ان کے شمول سے مانع آئی۔ سیکڑوں ایسے الفاظ جن کا اُردو سے کچھ تعلق نہیں اور انھیں بآسانی مل گئے ہیں' آصفیہ میں موجود ہیں۔ ان میں سے کچھ ایک خاص فصل میں درج ہوں گے۔ اس جگہ بطور نمونہ کچھ ایسے الفاظ پیش کیے جاتے ہیں' جو آصفیہ سے غیر حاضر ہیں' میں نے یہ بتایا ہے کہ سند کس کتاب کے کس صفحے یا ورق میں ملے گی' تذکروں یا انتخابوں کا حوالہ اگر دیا ہے' تو صفحے یا ورق کا شمار لازماً نہیں دیا۔

(۵۲) سودا نے دورانِ اقامت اودھ میں اپنے کلیات کا ایک نسخہ رچرڈ جونسن کو نذر کیا تھا' یہ اب تک لندن میں موجود ہے اور پروفیسر محمد حسن نے اس کی نقل شائع کی ہے۔ اس کی بڑی خوبی یہ ہے کہ اس میں الحاقی کلام نہیں' جو کلیات طبع اوّل (مصحح آہی' شاگرد مومن' قبل شورش ۱۸۵۷ء) میں بکثرت ہے۔ اس نسخے کے متعلق میرا مفصل مضمون چند سال قبل 'سویرا' لاہور میں چھپا تھا ¹ ایرد ہ ۹ + (+ سے مراد ہے کہ

کلیات میں اور جگہ بھی ہے) ۲ بَرہن (بفتحۂ با و سکون را) "ذات پر جس کی برہن کنہ عزّ و جل" ص ۲۲
۳ برہن (بسکون با و فتحۂ را) " برہن اس سے یوں ہوا داغی ہیں یہ غلام دو" ص ۱ یہ غلط ہے، مگر میری
رائے میں اکابر کے یہاں کوئی لفظ غلط شکل میں بھی ہو، یا اس کے معنی صحیح نہیں، تو اس کا اندراج لغتاً نوں
میں ضروری ہے ۴ چلتہ آصفیہ میں مذکر، سودا کے یہاں مؤنث۔ "تقسیم کردیں فقرۂ غنچہ میں چلتہیں" ص ۲۲ ۵
دکھیانا "دل مراد کھیارہا ہے کاسۂ چینی کی طرح" ص ۱۴ ۶ دکھ دہند " دکھ دہندوں کی ہواخواہی میں دی
ہے اپنی جان" ص ۱۳ ۷ اردی = اردی بہشت "تیغ اردی نے کیا ملک خزاں مستاصل" ص ۲۰ ۸ اژدر ص ۳۰ '
" نہ اژدر بچا ہے نہ واں اژدہا" ص ۳۵۷ (مثنوی متعلق بشکار) یہ مصرع اس پر شعر کہ سودا کے نزدیک اژدر اژدہے سے
مختلف ہے، مگر دونوں ایک ہیں (فرہنگ فارسی محمد معین مؤلف ایران کے مشہور زبان شناسوں میں تھے اور یہ فرہنگ
بہت بڑی حد تک قابل اعتماد ہے) ۹ داربان ص ۳۳ + ۱۰ اللہ معک ص ۵۲ ۱۱ اولک "آج وہ دن ہے کہ جس جگہ
میں تو دیکھو اس میں ص ۵۴ کہیں ہوتی ہے بھگت اور کہیں ہے اولک" ۱۲ اشجع ص ۵۹ ۱۳ جھنکار خون غنچہ "گجنال مثل
رعد کڑکتی تھی دمبدم ص ۶۳ آواز سشتر نال تھی طاؤس کی جھنکار" ۱۴ ادھر "نکلی ہے ادھر سے استقبال کو راز نہاں"
ص ۲۵ ۱۵ تگرگبار ص ۱۰ ۱۶ سرازیر "جس قصر میں شوکت ہے تری پہنچی تو پہنچ ص ۹۸ تجھ تیغ غضب کے جو ہو سلائے سرازیر"
ص ۱۴ چرت "خمیازے پہ خمیازہ ہے اور چرت اوپر چرت" ص ۱۰۲ ۱۸ خان و خوانین ص ۱۰۳ ۱۹ استشہاد "ہزار جا ہے کتب
پیچ اس کے استشہاد" ص ۱۰۶ + ۲۰ توابع ص ۱۱۰ ۲۱ ایوار = اتوار ص ۱۱۱ ۲۲ خلش آصفیہ میں صرف مؤنث، سودا کے مذکر
کی سند "کہ جن نے دل سے مٹایا خلش رہائی کا (کا، ردیف) ص ۱۱۸ + ۲۳ بیانا = بیعانہ "جو نقد جاں پڑی قیمت
تو دل بیانا تھا" ص ۱۲۳ ۲۴ تابوگر ص ۲۷۵ ۲۵ خدام ص ۲۸۱ ۲۶ خوش آیند "آوازۂ دہل ہے خوش آیند دور کا" ص ۱۲۶
۲۷ انعام کنا "طل کو غارت کر کے میری جان کو کیوں انعام کیا" ص ۱۲۷ ۲۸ پیچ "ناصح یہ جو دُنیا ہے سو غم کھانے کا اپیچ" ص ۱۲۹
۲۹ افتاں ص ۲۴۳ ۳۰ خیزاں "گرد و پیش افتاں و خیزاں اس کے خویش و اقربا" ص ۲۰۴ ۳۱ پوشمال "لیلی کی پوشمال اگر نیشتر گئی"
ص ۲۰۶ ۳۲ جوہری = جوہر ص ۲۰۱ ۳۳ ہر آشفتہ "یک بیک ہوکے ہر آشفتہ لگا یہ کہنے" ۱۸۲ کچھ تجھے عقل سے بہرہ بھی میاں ہے کہ نہیں"
۳۴ بریدہ "حلق بریدہ" ص ۱۸۵ ۳۵ ز اختیار ص ۱۸۷ ۳۶ بازپسیں "دم بازپسیں" ص ۱۹۳ ۳۷ چشم آصفیہ میں
صرف مؤنث، سودا کے یہاں مذکر بھی "چشم پھوٹی پھوٹی تالاب بھر رہنگی" ص ۲۲۴ ۳۸ تفاوت کرنا کسی کو کسی سے
"چمن میں جب نہ کر سکے تفاوت گل کو ڈالی سے" ص ۲۲۴ ۳۹ تعلیم ص ۲۲۵ ۴۰ خانہ برانداز ص ۲۲۸
۴۱ ایدھر ص ۲۳۱ + ۴۲ افلاکی ص ۲۴۴

(۵۴) الفاظ و طرقِ استعمال ذیل کلیاتِ میر، دیوانِ قائم، غزلیاتِ میر حسن و دیوانِ مصحفی وغیرہ آصفیہ سے غیر حاضر ہیں:

کلیاتِ میر جلد ۱، مرتبۂ جناب ظل عباس عباسی + ۱۱۱۲۸ ۱۹۸۲ صفحہ ×۱۰ بجھنور ہونا = بجھنور شدن (ر بہ چراغ ہدایت = چراغ "مجلس میں رات ایک تری پرتوے بغیر ص۱۰۵ کیا شمع کیا پتنگ ہر اک بجھنور تھا" ۲- ترکتازی کرنا ص۸۳۶ ۳- بز اسپالی ص۸۳۲ ۴- جباہ ص۱۴۰ ۵- ایکوں (جمع ایک) "ایکوں کی کھال کھنیچی ایکوں کو دار کھینچا" ص۱۳۷ + ۶- انتظار کشی ص۲۰۷ ۷- بابت گم ہونا کسی کی "دل کا نہیں ٹھکانا بابت کسی کی گم ہے" ص۱۱۰ ۸- امتداد ہ ۹- تسلی رہنا ص۱۴۸ ۱۰- دستگاہ مسنود "سب خوبیاں ہیں شیخ مشیخت پناہ میں پر ایک جبہ سازی ہے اس دستگاہ میں" ص۲۱۴ + ۱۱- زن جلبی ص۳۱۱ ۱۲- بو کرنا = سونگھنا ص۳۴۷ ۱۳- دیفتا ص۵۱۴ ۱۴- قسم اقسام "مستی کی دیر میں قسم اقسام کر چکے" ص۸۳۹ ۱۵- زمینی ص۱۲۹ ۱۶- عاصمہ ص۸۲۸ ۱۷- بر خویشتن چیدہ ص۸۰۸ ۱۸- بیعانگی " ۱۹- احتساب کرنا کسی پر ص۴۹۶ ۲۰- سر مشق ص۵۸۰ ۲۱- بالا چاق "قد و دلکش اس کا بالا چاق ہے" ص۶۰۶ ۲۲- زود رنگش ص۶۱۴ ۲۳- تخلف ص۶۰۳ ۲۴- تخفیفی (مطبوعہ میں دونوں جگہ تحقیقی، غلط محض- ر بہ چراغ) "تخفیفی شملے پیرہن و کنگمی و کلاہ" ص۵۲ "تخفیفی کچھ لپیٹی باندھو ساختہ ہی مدہ ماتی ہو" ص۸۴۸ ۲۵- اکلائی ص۶۱۹ ۲۶- تشتت "ساری حواسوں میں ہے تشتت جان بھی ہے گھبرائی ہوئی" ص۶۷۷ ۲۷- حواسوں، تنہا نہیں - ۲۸- شنیدنی ص۶۷۹ ۲۹- بریدنی " ۳۰- خمیدنی ص۶۸۰ ص۵۶۲ ۳۱- بالیدن ص۵۲۲ ۳۲- دیدنی ص۵۰۳ ۳۳- چمنی "جامی کا تری رنگ ستمگر چمنی ہے" ص۲۸۹ ۳۴- شوائب ۳۵- عصاکش ص۲۸۲ ۳۶- چلاؤ "جب سے سمجھا کہ ہم چلاؤ ہیں ص۲۹۲ حال یہی تک آ کر جاؤ" ۳۷- طلاغ ص۲۲۵ ۳۸- ڈاگ "لڑ کر دلی کے تری ہاتھ کب آتے ہیں میر ص۳۷۸ ہیں ایک ایک کے سو پھریا ہیں ڈاگ لگے" ۳۹- شیرہ خانہ (ر بہ چراغ) "قسمت تو دیکھ شیخ کو جب لہر آئی تب ص۱۱۲ دروازہ شیرہ خانہ کا معمور ہو گیا"

+ ۴۰ - اندرونہ " اندروں کو جیسو داغ لگا" ص۳۵۲ آصفی میں بطور معنی۔ ۴۱ - اُسارا " طائر اُڑتی ہوا میں
ساری اپنی اسارا جاتی ہے" ص۱۰۶ ۴۲ - عجول ص۲۳۷ ۴۳ - وفات کرنا " سجدہ اس آستان کا کیا اندر وفات کی"
ص۲۷۰ میر حسن کی یہاں بھی ص۴۴ ۴۴ - نالگی " گر بیکلی ذکی ہیں تکلیف نالگی " ص۲۷۱ ۴۵ - تائی ص۲۷۲
مر بلندار ص۴۳۰ ۴۶ - ہرزہ مرس " تھک کر کہیں تک (کذا) بیٹھ رہ اے ہرزہ مرس بس" ص۴۴۲ ۴۷ - ہرزہ چانہ
ص۶۶۹ ۴۸ - معقولگو " معقولگو ہم اتنے وہ اتنے ہرزہ چانہ " ۴۹ - عاجز سخن ص۲۱۹ ۵۰ - قادر سخن ۵۱ -
میانگیری " پیام اس گل کو پہنچا پھر نہ آئی ص۸۳۱ نہ خوش آتی میانگیری صبا کی ۵۲ - آب انسان " کہیں
نسل آدمی کی اٹھ نہ جاوے اس زمانے میں ص۲۳۵ کہ معطی (معطوتی، غلط) آب حیوان جانتے ہیں آب انسان کو"
۵۳ - مصطبہ " جہاں کی مصطبے میں مست طافح ہی نظر آئے " ص۲۲۵ ۵۴ - ہتھ بلی " گریبان شور محشر کا اڑیگا دھجیاں
ہو کر ص۲۲۶ فغان پر ناز کرتا ہوں کہ ہیں یہ تیری ہتھ بلیاں" ۵۵ - مصیبت بیانی " کھو دیں ہیں نیند میری مصیبت
بیانیاں " ص۲۲۰ ۵۶ - سجادۂ محرابی ص۲۲۸ ۵۷ - گنتا بالضم " سعی و تلاش بہت سی رہیگی اس انداز سی کہنے
کی ص۷۸۶ صحبت میں علما فضلا کی جا کر پڑھیے گنیگا " ۵۸ - مصلحۃ ص۸۱۶ ۵۹ - مالا یطاق ص۸۱۰ ۶۰ -
جلّاب سالگ جانا ص ۶۱ - قران بوزن زبان " گر آدمی شیخ پہن کی جامہ قران کا " ص۱۵۶ ۶۲ - شور شکرہ
ص۶۳ - شاخچہ بندی " اس گل کو لگی ہے شاخ گل کیا ص۴۹۹ یہ شاخچہ بندی چمن ہے" ۶۴ - مستہلک
" مستہلک اس کی عشق کی جانیں ہیں قدر مرگ ص۳۳۴ عیسیٰ و خضر کو ہے مزا کب وفات کا" ۶۵ - ماہول
" کس امید کا تجھ کو اے دل چاہ میں اس کی حصول ہوا ص۷۶۰ شوخ و شلاہیں خوشردیاں سے رہتا ہے ماہول کوئی"
ص۷۶۶ ۶۶ - وداعی " صبح کو آنسو نومیدانہ جیسے وداعی آنا تھا ص۷۶۲ آج کسو خواہش کی شاید دل سے ہماری
رخصت ہے" ۶۷ - گوشداری ص۸۳۰ ۶۸ - خوش سرانجام ص۵۰۶ ۶۹ - نثار کرنا " ایسا نہ ہو کہ
تم کو جوانی نثار کرے" ص۲۷ ۷۰ - سفر " یا رب یہ داد مفر اور ہم بے اختیار" ص۴۷۰ ۷۱ - پہن ہونا
کسی کا " سیر کی قابل ہے ہونا پہن میری نام کا " ص۵۲۸ ۷۲ - ناموسدار ص۵۵۵ ۷۳ - کاے = کہ اے
" کاے سرکشاں جہاں میں کھینچا تھا ہم نے بھی سر" ص۱۳۰ ۷۴ - قران کرنا ص۲۸۸ ۷۵ - سنّاہٹا = سنّاٹا
سنّاہٹے میں جان کی ہوش و حواس و دم نہ تھا" ص۱۴۲ ۷۶ - حرف نشنو ص۳۶۸ ۷۷ - بگیر آنا " گلگشت
کی ہوس تھی سو تو بگیر آئے ص۲۷۲ آئے جو ہم چمن میں ہو کر اسیر آئے " ۷۸ - منگرا " دل کو بچا کر رکھیں تو یہ ص۳۲۵
جائینگی عشق میں ص۴۷۰ ہر چند میر صاحب وقبلہ ہیں منگرے " ۷۹ - بدایت " اجل تو ہے دل کی مرض کی بدایت"

۸۰ - جگر کاوی ص۵۲۰ ۸۱ - خلع العذار ص۵۴۱ ۸۲ - رکن "جی کی رکن" ص۵۴۲ ۸۳ - بیڈھنگی
"باتیں ہماری ساری بیڈھنگیاں ہیں دیکھی" ص۵۱۲ ۸۴ - درد کھنچنا ص۵۳۱ ۸۵ - بات نہ چیت
۸۶ - بکانا " خریداری نہیں مطلق کہاں جاکر بکاؤں میں" ص۵۵۶ ۸۷ - مسابقہ کرنا " نہ رہتے جیتو اگر ہم
مسابقہ نہ کریں" ص۵۵۹ ۸۸ - دبدلہ ۸۹ - گل پھول ص۵۶۳ ۹۰ - نالیدن ۹۱ - دماغ تخت
ہونا " افیون پی کر تو دلشدہ ہم روسیاہ ہیں ص۵۷۱ ہو تخت کچھ دماغ تو ہم بادشاہ ہیں" ۹۲ - مواجہہ
کرنا ص۵۷۶ ۹۴ - وقتال من شدد ص۵۷۷ -

(۵۴) دیوانِ قائم (صرف غزلیں) مرتبہ ڈاکٹر خورشید الاسلام ۱ تا ۸۲ صفحہ × ۱ - لوک ہنسائی
" رو کر کے عبث کیجو کیوں لوک ہنسائی " ص۱۹۷ ۲ - شامہ ذمیم غیر مشدّد " دوانا ہوں میں ار باب جہاں کے
حسنِ شامہ کا" ص۲۰۴ " گل ہی وہ گلشن میں باقی ہیں نہ وہ شامے (ق) ہے" ص۲۰۲ ۳ - سارا " عنبر سارا ص۹۶
۴ - ۵ - ۶ - ۷ --- افسردن، افشردن، آزردن، آوردن ص۸۴ ۸ - بردن ص۸۵ ۹ - منقش ۱۰۱ -
ڈھبنا = ڈھب پر آنا " قائم اغیار کر اغوائی بگاڑی شب بات ص۲۰۸ ورنہ کچھ کچھ تو وہ ان روزوں لگا تھا
ڈھبنے " ۱۱ - ڈھبانا = ڈھب پر لگانا " لگ چلی سی ہے ابھی تو خیال (کذا) ص۲۹ ڈھب چڑھیگا تو کچھ
ڈھبائیگا " یاں ڈھب تو ڈھبائی کے بہت یاد ہیں لیکن ص۱۵۵ کیا کیجیے کہ اس بت کی ملاقات کڈھب ہے"
